قرآن مجید کا ۵۰۰ سالہ قدیم نسخہ

ملائشیا کے شہر کوالالمپور میں گزشتہ دنوں قرآن مجید اور اس سے متعلقہ علوم، اس کی کتابت، کیلی گرافی اور ڈیزائن کے مختلف نایاب اور انتہائی قیمتی و تاریخی نسخوں پر مبنی قرآنی نمائش کا انعقاد کیا گیا جو ملک اور بیرون ملک کے سینکڑوں دیکھنے والوں کے لیے حیران کن تھی۔ اس نمائش میں زائرین کی نگاہوں کا مرکز قرآن مجید کا وہ نسخہ تھا جس کے بارے میں بتایا جاتا ہے کہ یہ ۵۰۰ سالہ قدیم نسخہ ہے، اس نسخہ کی لمبائی ایک میٹر اور چوڑائی نصف میٹر ہے، اس میں استعمال کی جانے والی روشنائی سونے اور چاندی کی ملاوٹ سے تیار کی گئی ہے، اس کے علاوہ کھجور کے پتوں پر لکھا گیا نصف میٹر لمبے قرآن مجید کا نسخہ بھی شائقین کی توجہ کا مرکز بنا رہا۔ (ماہنامہ صراط مستقیم، برمنگھم، مئی ۲۰۰۷ء)

امریکہ میں قرآن کریم پر حلف لینے کی اجازت

سیدہ متین نے کونسل آن اسلامک ریلیشنز اور امریکن سول لیبرٹیز یونین (ACLU) کے ساتھ مل کر امریکی عدالت میں یہ کیس دائر کیا کہ مسلمانوں کو قران پر ہاتھ رکھ کر حلف اٹھانے کی اجازت دی جائے، اعلی عدالت نے جب قانون کا مطالعہ کیا تو اس کے مطابق عدالت میں پیش ہونے والے ہر شخص پر لازم تھا کہ وہ مقدس کتاب پر حلف اٹھائے اس لیے گذشتہ دوسو سال سے امریکا میں یہ روایت موجود تھی کہ عدالت میں صرف بائبل پر حلف لیا جاتا تھا۔ بعد میں عدالت نے قانون میں درج ''مقدس کتاب'' کی وضاحت کرتے ہوئے کہا کہ مقدس کتاب صرف بائبل ہی نہیں بلکہ قرآن بھی ہوسکتی ہے اور کیرولینا کی ریاست کو یہ اجازت دی کہ وہ مسلمانوں سے ان کے عقیدے کے مطابق قرآن پر ہاتھ رکھ کر حلف لے سکتے ہیں۔ امریکہ کی تاریخ میں پہلی بار حالیہ انتخابات میں ایک مسلمان کیتھ ایلسن محمد امریکی ریاست منی سوٹا سے امریکی کانگریس کے ممبر منتخب ہوئے۔ انھوں نے حلف برداری کی تقریب میں اپنی رکنیت کا حلف قرآن کریم پر ہاتھ رکھ کر لیا۔ (سہ روزہ دعوت، ۱۹/جون ۲۰۰۷ء)